**PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

**PRIVILEGE MOTION**

**Session** 9th
**Notice No.** 53
**Received Dated** 23/06/2026
**Department** **Human Resource Management.**

**منجانب: جناب نیک محمد صاحب، ایم پی اے**

ڈپٹی کمشنر یوسف کریم نے سیکورٹی صورتحال کو جواز بنا کر میرے حلقہ انتخاب میں ترقیاتی منصوبوں اور کاموں پر طویل عرصہ غیر ضروری پابندی عائد رکھی۔ میری متعدد درخواستوں اور ملاقاتوں کے باوجود منصوبوں پر عملدرآمد کی اجازت نہ دی گئی، جس کے باعث ترقیاتی سرگرمیاں معطل رہیں، فنڈز لیپس ہوئے اور عوام اپنے جائز ترقیاتی حقوق سے محروم رہے۔ان کا یہ طرز عمل ایک منتخب رکن اسمبلی کے عوامی فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ اور ایوان کے استحقاق کی خلاف ورزی کے مترادف ہے۔

لهذا گزارش ہے کہ ڈپٹی کمشنر شمالی وزیرستان یوسف کریم کو متعلقہ استحقاق کمیٹی کے سامنے طلب کیا جائے اور قواعد کے مطابق مناسب کارروائی عمل میں لائی جائے۔